1۔قرنتیوں 2:10۔16

زبور 144

رنگ سبز

لوقا 4:31۔37

**مرکزی آیت: ''یسوع نے اسے حکم دیا، اس میں سے نکل جا!'' لوقا 4:35**

یہ حکم اس آدمی کو نہیں دیا گیا جو یسوع کے خلاف کفر گوئی کرتا ہے بلکہ اس ناپاک روح کو دیا گیا ہے جو اس آدمی پر قابض ہے اور اسے اس طرح بولنے پر مجبور کرتی تھی۔ انسان کو ایسی بدروح کا مسکن بننے کے لئے پیدا نہیں کیا گیا، جو کفر بکتی ہے۔ انسان کے منہ کو خدا کی حمد کرنی اور سب کے لئے برکت مانگنی چاہیئے۔ واضح رہے کہ صرف یسوع ہی ان دلوں اور ذہنوں کو آزاد کروا کے شفا دے سکتا ہے۔ جو کسی بدروح کی وجہ سے برباد ہو چکی ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

1۔قرنتیوں3:1۔9

زبور32

رنگ سبز

لوقا4:38۔44

**مرکزی آیت:" ہم خدا کے ساتھ کام کرنے والے ہیں۔" 1۔قرنتیوں3:9**

یسوع کے شاگرد کے لئے یہ بات کہنا بڑی خوشی کی بات ہے کہ خدا کا شریکِ کار ہونا اس کی الٰہی زندگی میں شریک ہونا ہے۔یعنی اپنے ذہن، اپنی باتوں اور اپنے ہاتھوں سے خدا کی محبت کو بانٹنا۔لیکن اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ اصل مردِ میدان ہم نہیں بلکہ خدا خود ہے۔لہذا شکر اور حمد اسی کے لئے ہے۔ہم اگر کچھ ہیں تو صرف کمزور اور ناتواں مددگار ہیں۔

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................



## مقدس گریگوری اعظم، پوپ اور کلیسیائی معلم

رنگ سفید

1۔قرنتیوں 3:18۔23

زبور 23

لوقا 5:1۔11

**مرکزی آیت: ”تم مسیح کے ہو اور مسیح خدا کا ہے۔“ 1۔قرنتیوں 3:23**

پولوس رسول مسیحیوں کو اس بات سے روکنا چاہتے ہیں کہ وہ اس سے یا یسوع کے کسی اور شاگرد سے وابستہ ہو جائیں۔ نجات دینے والا یسوع ہے، وہی یسوع جو ان کے لئے مصلوب ہوا اور ان کے لئے دوبارہ زندہ ہوا۔ ان پر افسوس اگر وہ یسوع کو پسِ منظر میں ڈال دیں اور اس شخص سے وابستہ ہو جائیں جس نے انہیں خوشخبری سنائی۔ تمام محبت یسوع کی طرف ہونی چاہئے، ورنہ خدا کی مقدس کلیسیا کے تقسیم ہونے کا خطرہ ہے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مبارک ماریو بورزاگا، شہید

رنگ سبز

1۔قرنتیوں 4:1۔5

زبور 36

لوقا 5:33۔39

**مرکزی آیت: ’’نئی مے نئی مشکوں میں ڈالی جائے۔‘‘ لوقا 5:38**

یسوع کہتے ہیں: ’’میں سب چیزوں کو نیا کر دیتا ہوں‘‘، اور وہ ایسا کر سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ خود نئے ہیں، بالکل نئے۔ ان جیسا کبھی کوئی نہیں دیکھا گیا۔ ان کے ساتھ ہونا ایک نیا پن ہے۔ اور اسی لئے ہمیں وہ عادتیں اپنانی ہوں گی جو ہم نے کبھی نہیں اپنائیں۔ اے خداوند یسوع، تو ہمیں اپنی روح عطا کرتا کہ وہ ہمیں جینے اور عمل کرنے کے نئے طریقے سکھائے، جو ہماری ہمیشہ سے پرانی دنیا میں تجھے جگہ دیں گے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................



**کلکتہ کی مقدسہ ٹریضہ یا مقدسہ مریم کا یوم یادگار** | **رنگ سفید**

1۔قرنتیوں 4:6۔15 | زبور 144

لوقا 6:1۔5

**مرکزی آیت: ''ابنِ آدم سبت کا مالک ہے۔'' لوقا 6:5**

سبت کا دن خدا کی خوشی کا دن ہے، کیونکہ اسی دن اس نے اپنی تخلیق کا کام انسان کی پیدائش کے ساتھ مکمل کیا۔تخلیق نے انسان کے لئے ماحول تیار کیا،اور خدا کا آرام بھی انسان ہی کی خدمت کرتا ہے، جو باپ کی توجہ کا مرکز ہے۔اس کا بیٹا بھی اس دن کو اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ہم اس سے پوچھیں گے کہ اس دن کو کیسے گزاریں،اور کن خوشیوں سے اسے بھر دیں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

حزقیال 33:1، 7۔9 | زبور 94

رومیوں 13:8۔10 | متی 18:15۔20

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''اگر تم میں سے دو شخص کسی بھی چیز کے لئے متفق ہوں۔۔۔۔'' متی 18:19**

اے یسوع، تیرے شاگرد تیری نظر میں قیمتی ہیں۔تو چاہتا ہے کہ وہ تیری محبت میں متحد رہیں۔تا کہ لوگ دیکھ سکیں کہ وہ ویسے ہی جیتے ہیں جیسے تو روح القدس میں متحد ہو کر باپ کے ساتھ جیتا ہے۔اس لئے وہ باپ کے سامنے ایک ساتھ، باہم اتفاق اور یکتائی کے ساتھ حاضر ہوں گے۔اے یسوع ہم جانتے ہیں کہ تو دو غیر متفق آوازوں کو، یا کسی غرور بھری آواز کو نہیں سنتا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔قرنتیوں5:1۔8
زبور5
رنگ سبز
لوقا6:6۔11

**مرکزی آیت:''پرانی خمیر کو صاف کرو۔'' 1۔قرنتیوں5:7**

مقدس پولوس قرنتیوں کی کلیسیاء میں موجود راہ روی کے رویے پر سخت سرزنش کرتے ہیں۔ جو کوئی یسوع کی پیروی کرنے کا انتخاب کرتا ہے، وہ اپنی خواہشات کو اس کے ذریعے بدلنے دیتا ہے۔ ہماری خواہشات خمیر کی مانند ہوتی ہیں، جو گوندھے ہوئے سارے آٹے کو خمیر شدہ کر دیتی ہیں۔نفسانی خواہشات مسیحیوں کے لئے نہیں ہوتیں، چاہے انہیں محبت کے نقطہ نظر سے جائز ہی کیوں نہ ٹھہرایا جائے۔ جو کوئی ان خواہشات کو پورا کرتا ہے، اسے جماعت سے الگ کر دیا جائے گا۔ یہ رسوائی کی بات ہے، جو اس امر میں رکاوٹ بنتی ہے کہ غیر اقوام یسوع پر ایمان لائیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## مقدسہ مریم کنواری کی پیدائش

رنگ سفید

میکا5:1۔4یارومیوں8:28۔30

زبور12

متی1:1۔16،18۔23

**مرکزی آیت:''جواس کے اندر پیدا کیا گیا ہے وہ روح القدس کی طرف سے ہے۔'' متی1:20**

ولادتِ مقدسہ مریم کی عید پر بھی ہمارے خیالات یسوع کی طرف جاتے ہیں۔ در حقیقت وہ یسوع ہی کے لئے دنیا میں آئیں،تاکہ اسے ہمیں عطا کریں۔دراصل یسوع ہی مریم کو خوبصورت، اہم اور خدا کا مسکن بناتا ہے۔فرشتہ بھی یوسف کو خواب میں مریم کے بارے میں ہی بتاتا ہے۔کہ وہ بیٹے کی بدولت اس کی منکوحہ ہوگی۔ان سب باتوں کی وجہ سے مریم کی ولادت ہمیں خوشی عطا کرتی ہے اَور ہمارے لئے مقدسہ مریم کی پیدائش کی عید منانا واجب ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| 9۔ستمبر | سال دوئم عام ایام | بدھ |
|---|---|---|



## مقدس پطرس کلاور کاہن

رنگ سبز یا سفید

1۔قرنتیوں 7:25۔31

زبور 44

لوقا 6:20۔26

**مرکزی آیت: ''مبارک ہو تم جو غریب ہو!۔'' لوقا 6:20**

زیادہ تر لوگ غریب ہیں اور غربت میں تکلیف اٹھاتے ہیں۔مگر خدا کی نظر میں وہ قیمتی ہیں۔درحقیقت یہی وہ لوگ ہیں جو بڑی آسانی سے آسمان کی بادشاہی میں داخل ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ دوسروں کی نسبت یسوع کو قبول کرنے ،اس پر اعتقاد اور اس کی پیروی کرنے کے لئے زیادہ تیار ہوتے ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔قرنتیوں8:1۔7،11۔13　　زبور138　　رنگ سبز

لوقا6:27۔38

**مرکزی آیت: ''ہمارے لئے ایک ہی خدا ہے، باپ۔'' 1۔قرنتیوں6:8**

بت پرستی آدمیوں کے دلوں پر قابض ہیں۔ان میں سے ہر ایک کوئی نہ کوئی برائی پیش کرتا اور اسے جائز ٹھہراتا ہے۔جبکہ ہر بدی اس شخص کو بھی دکھ دیتی ہے جو اسے اپنا تا ہے اور ان لوگوں کو بھی جو اس کے قریب ہوتے ہیں۔ہم صرف اپنے خدا کو باپ مانتے ہیں۔جس کی پہچان یسوع نے کروائی۔وہ ہمیں محبت کرتا ہے اور اسی کی بدولت ہم محبت کرتے اور دنیا کو بھائی چارے کی جگہ میں بدلتے ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔قرنتیوں 9:16۔19،22۔27 زبور 83

رنگ سبز

لوقا 6:39۔42

**مرکزی آیت: ''شاگرد اپنے استاد سے بڑا نہیں ہوتا۔'' لوقا 6:40**

اگر کوئی یسوع کو سکھانا چاہے، تو کیا ہوگا؟ یسوع اسے اپنے سے دور کردیں گے، جیسے اس نے شیطان کو اس وقت دور کیا جب اس نے بیابان میں اسے آزمایا۔ درحقیقت یسوع کو باپ نے اس لئے نہیں بھیجا کہ وہ انسانوں سے سیکھے۔ وہی واحد ہے جو باپ کو اور اس کی مرضی کو جانتا ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



## مقدسہ مریم کا پاک ترین نام

رنگ سبز / سفید

1۔قرنتیوں 10:14۔22 زبور 115

لوقا 6:43۔49

**مرکزی آیت: ''ہم بہت سے ہو کر ایک بدن ہیں۔'' 1۔قرنتیوں 10:17**

مقدس پولوس یہ بات ان لوگوں کے بارے میں کہتے ہیں جو یوخرستی روٹی کھاتے ہیں۔ برکت کی یہ ایک ہی روٹی ہے جو ہم کھاتے ہیں اور اسی کے ذریعے ہم ایک بدن بن جاتے ہیں۔ یعنی مسیح کا بدن۔ یہ ایک عظیم بھید ہے، ایمان کا بھید، جو محبت کے بھید میں بدل جاتا ہے۔ وہ روٹی ہمیں بہن بھائی بناتی ہے۔ اور ہمیں پاکیزہ طور پر متحد رکھتی ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدس جان کرازسٹم ،اسقف معلمِ کلیسیا

رنگ سبز

یشوع بن سیراخ 7:28؛30:27

زبور 102

رومیوں 14:7۔9

متی 21:18۔35

**مرکزی آیت:"میرا باپ بھی تمہارے ساتھ ایسا ہی کرے گا۔۔۔اگر تم دل سے معاف نہ کرو۔" متی 35:18**

یسوع اپنی کہانی کو ایک تمثیل پر ختم کرتے ہیں۔ وہ ہماری نجات کی فکر کرتے ہیں جو اس برائی سے نجات ہے، جو ہمیشہ دل کو خطرے میں ڈالتی ہے۔ اگر ہمارے دل میں وہی محبت نہیں جو خدا ہم سے کرتا ہے، تو ہم تکلیف میں ہوتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے پاس کسی بہت اہم چیز کی کمی ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے معاف کرنا زندگی اور موت کا معاملہ ہے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................


............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................



## پاک صلیب کی تعظیم کی سرفرازی

رنگ سرخ

عدد21:4۔9 یا فلپیوں 6:2۔11 زبور77

یوحنا13:3۔17

**مرکزی آیت: ''جو کوئی اس پر ایمان لائے، اسے ہمیشہ کی زندگی ملے گی۔'' یوحنا15:3**

یسوع صلیب پر ہے تاکہ ہم اسے بغور دیکھیں، نہ صرف دردمندی سے بلکہ اسی محبت کی خواہش سے جس کے ساتھ وہ خود کو باپ کے سپرد کرتا ہے۔ مصلوب یسوع کی طرف کشش ہمیشہ کی زندگی ہے۔ یعنی الٰہی زندگی۔ یہ زندگی کے خدا کی محبت میں جینا اور اس کی گواہی دینا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| منگل | سال دوئم عام ایام | 15۔ستمبر |
|---|---|---|



## دکھیاری ماں مریم کنواری

رنگ سفید یا سبز

عبرانیوں 5:7۔9

زبور 30

یوحنا 19:25۔27 یا لوقا 2:33۔35

## مرکزی آیت: ''اس کی مکمل سپردگی کی وجہ سے، وہ سنا گیا۔'' عبرانیوں 5:7

آج کی لطوریاکل کی عید کے مطابق ہے۔صلیب کے نیچے ماں مریم کھڑی ہے۔وہ اس تحفے میں شریک ہے جو بیٹے نے اپنے آپ کو باپ کے سپرد کر دیا ہے۔لہذا ہم ماں مریم میں ابدی زندگی، کامل اور الٰہی محبت دیکھ سکتے ہیں۔ وہ اسے وصول کرتی ہے۔ جبکہ یسوع وصول کرنے کے ساتھ ساتھ دیتا بھی ہے۔اور اسی طرح مریم کو بھی اس کی گہری اور مقدس ترین خواہشات عطا کی جاتی ہیں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



مقدس کرنیلیس پاپائے اعظم،اور مقدس سپر ین، بشپ وشہید | رنگ سرخ

1۔قرنتیوں 12:31،13:13 زبور 32

لوقا 7:31۔35

**مرکزی آیت:"محبت کبھی جاتی نہیں رہتی۔" 1۔قرنتیوں 13:8**

آ یئے! ہم ہمیشہ خوش دلی سے اس عبارت کو سنیں جو مقدس پولوس آج ہمیں پیش کرتا ہے۔محبت! یہ وہ محبت ہے جس سے خدا ہمیں محبت کر کے بھر پور کرتا ہے۔تا کہ ہم بھی اسی خوشی کے ساتھ محبت کریں۔ سچی محبت کا کوئی انجام نہیں ہوتا۔ نہ تو یہ رکاوٹوں سے رکتی ہے، نہ بدی سے، نہ حسد سے، نہ دوسروں کے غصے سے۔ یہ موت سے بھی ختم نہیں ہوتی۔ یہ ہمارے ساتھ رہتی ہے جب کہ ہم باپ کے دل میں ہوتے ہیں۔

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................



**مقدس رابرٹ بلارمین، اسقف اور کلیسیائی معلم**

**رنگ سفید یا سبز**

**1۔قرنتیوں 15:1۔11**

**زبور 117**

**لوقا 7:36۔50**

**مرکزی آیت: ''لیکن اس نے میرے پاؤں پر عطر ملا ہے۔'' لوقا 7:46**

یسوع فریسی کی مدد کرنا چاہتے ہیں کہ وہ درست طریقے سے دیکھے اور صحیح دلیل کے ساتھ بات کرے۔ وہ عورت، جس نے یسوع کے پاؤں کو عطر سے ملا، اس نے خدا کے بیٹے سے محبت ظاہر کرنے کا ٹھوس عمل کیا۔ کیا وہ گناہگار تھی؟ نہیں، اب نہیں۔ کیونکہ خدا کی محبت اس کے دل میں بستی ہے۔ مگر وہ شخص فریسی ہوتے ہوئے، صرف فتویٰ دینے اور مذمت کرنے کے قابل تھا۔ اس کے دل میں صرف اندھیرا ہی تھا۔

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

**1۔قرنتیوں15:12۔20** **زبور16**

**رنگ سبز**

**لوقا8:1۔3**

**مرکزی آیت: ’’اب مسیح مردوں میں سے جی اٹھا ہے۔‘‘ 1۔قرنتیوں15:20**

یہی وہ حقیقت ہے جو زندگی کو بدل دیتی اور تاریخ کو تبدیل کر دیتی ہے۔ یسوع کا مردوں میں سے جی اٹھنا زمین پر موجود نئی زندگی کی ضمانت اور وعدہ ہے۔ یہ ہمارے لئے کھلا ہوا ایک نیا دروازہ ہے۔ ہم اب موت کے خوفناک خواب کے تحت نہیں ہیں۔ کیونکہ ہم اس سے پہلے اور بعد میں نئی روشنی دیکھتے ہیں۔ دنیا کے حکمران اب ہماری زندگیوں کے مالک نہیں رہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



مقدس جنواریوس۔اسقف۔شہید

رنگ سبز،سفید

1۔قرنتیوں 15:35۔37،42۔49

زبور 55

لوقا 8:4۔15

**مرکزی آیت: ''تمہیں خدا کی بادشاہی کے بھیدوں کو جاننے کی اجازت دی گئی ہے۔'' لوقا 8:10**

تمہارے لئے ہاں، دوسروں کے لئے ابھی نہیں۔انہیں کون جان سکتا ہے؟ یسوع کے شاگرد۔وہ چونکہ اس سے محبت کرتے اوراس کی پیروی کرتے ہیں۔اس لئے وہ پہلے ہی خدا کی بادشاہی میں داخل ہورہے ہیں۔اوراسی لئے وہ اس کا تجربہ بھی کرتے ہیں۔جولوگ اس کے ساتھ ہونے کے لئے قدم نہیں اٹھاتے،وہ اس کا تصور بھی نہیں کرسکتے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



| | |
|---|---|
| مقدس اندریاس کم تیا گون، مقدس پولس چونگ باسنگ اور ساتھی | رنگ سبز |

اشعیا 55:6۔9      زبور 144

فیلپیوں 1:20۔24، 27      متی 20:1۔16

**مرکزی آیت: ''جو درست ہے میں تمہیں دوں گا۔'' متی 20:4**

ایک شاندار تمثیل! خدا تمام انسانوں کو استعمال کرتا ہے۔ اور سب کو اپنا فضل دیتا ہے۔ اس بنیاد پر نہیں کہ انہوں نے کیا کیا ہے بلکہ اس بنیاد پر کہ انہوں نے اس کی اطاعت کی ہے اور اس کے شریک کار بن گئے ہیں۔ وہ ہر ایک کو اپنی بہترین چیز دیتا ہے۔ وہ کم نہیں دے سکتا۔ اس کا تحفہ کبھی آدھا نہیں ہوگا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## مقدس متی رسول، انجیل نویس

رنگ سرخ

افسیوں4:1۔7،11۔13

زبور18

متی9:9۔13

### مرکزی آیت: ''میرے پیچھے چل!'' متی9:9

ہم نے یہ کلمہ ''میرے پیچھے آؤ'' دوبارہ سنا ہے اور یہ ہمارے دل میں گونج رہا ہے۔ ہم نے کئی بار اس پر عمل کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور ہر بار ہم نے محسوس کیا کہ ہم نے صرف آغاز کیا ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی جانا ہے ہم نے اپنی سوچ سے زیادہ حاصل کیا ہے۔ آج ہم مقدس متی کی صحبت میں یسوع کے پیچھے ایک اور قدم اٹھائیں گے۔ اور یسوع کا یہ شاگرد ہمیں دعوت دے گا کہ ہم میز پر اس کے ساتھ یسوع کے قریب بیٹھیں۔

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

امثال 21:1۔6،10۔13 زبور 118

رنگ سبز

لوقا 8:19۔21

**مرکزی آیت: "خدا دلوں کو جانچتا ہے۔" امثال 21:2**

یہ جان کر اچھا لگتا ہے کہ ہمارا دل خداوند کی نظر میں ہے۔ یہ ایک دلاسا اور تحفظ ہے۔ میں اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ دوسرے میرے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ ان کا فیصلہ، چاہے اچھا ہو یا برا، نہ قطعی ہے اور نہ ہی اہم۔ میں مایوس نہیں ہوں گا اور نہ ہی مغرور۔ یسوع، جو مجھ سے محبت کرتا ہے، مجھے دیکھتا ہے۔ تاکہ جیسے بھی جیئوں یسوع کے لئے جیئوں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................


..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



## مقدس پادرے پیئو، کاہن

رنگ سفید

امثال 30:5۔9

زبور 118

لوقا 9:1۔6

**مرکزی آیت: ''اس نے انہیں تمام بدروحوں پر اختیار اور قوت دی۔'' لوقا 9:1**

میں ان کے قریب رہوں گا جن کے پاس رسولوں کا اختیار رہے۔ اگر مجھے آزمائش ہو یا دشمن مجھے پریشان کرے، تو مجھے ان سے مدد مل سکتی ہے۔ وہ خدا کی بادشاہی کا اعلان کرتے ہیں۔ اور جتنا وہ غریب ہوتے ہیں، مجھے اتنا ہی زیادہ تحفظ دیتے ہیں۔ میں ان سے مادی چیزیں نہیں مانگوں گا کیونکہ یسوع نے انہیں بغیر پیسے اور بٹوا کے بغیر بھیجا تھا۔ وہ میری حفاظت کریں گے اور مجھے حوصلہ اور روشنی دیں گے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

جامع 1:2۔11

زبور 89

رنگ سبز

لوقا 9:7۔9

مرکزی آیت: ''وہ کون ہے جو اُسے دیکھنا چاہتا ہے۔'' لوقا 9:9

ہیرودیس یسوع کو دیکھنا چاہتا تھا۔لیکن اس نے اس خواہش کو پورا کرنے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔اسی لئے یسوع نے اس کی خواہش پوری نہیں کی۔ بلکہ ذکائی کی خواہش پوری کی۔جس نے خود دیکھنے کی خواہش کی اور خطرہ مول لیا۔میں خداوند سے کچھ بھی توقع نہیں رکھوں گا۔جب تک کہ میں اُسے دیکھ نہ لُوں

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................




## مقدس فنبر، بشپ

رنگ سفید یا سبز

جامع 1:3۔11

زبور 143

لوقا 9:18۔22

**مرکزی آیت: ''پطرس نے جواب دیا: ''خدا کا مسیح۔'' لوقا 9:20**

پطرس کو پورا یقین ہے کہ یسوع خدا باپ کی طرف سے مسح کیا گیا ہے۔ درحقیقت، پطرس اکثر ان الٰہی کاموں کا گواہ رہا جو یسوع نے سرانجام دیئے۔ پطرس جانتا ہے کہ یسوع کون ہے، لیکن وہ ابھی تک یسوع کے مشن اور اس راستہ کو نہیں جانتا جو یسوع اختیار کرے گا۔ یعنی ان لوگوں کے ہاتھوں دکھوں اور موت کا راستہ جنہوں نے یسوع سے فیض پایا۔ پطرس ابھی یہ بھی نہیں جانتا کہ خدا یسوع کو مردوں سے دوبارہ زندہ کرے گا۔

..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................



## مقدس کاسمس، مقدس دامیان، شہید

رنگ سبز یا سُرخ

جامع 11:9؛ 8:12

زبور 89

لوقا 9:43۔45

**مرکزی آیت: ’’وہ اس کے کاموں پر حیران تھے۔‘‘ لوقا 43:9**

ہاں، ایک معجزے کے بعد دوسرا معجزہ۔ پھر بھی یسوع اپنے راستے کے بارے میں سوچتے ہوئے کہتا ہے کہ اسے آدمیوں کی طرف سے رد کیا جائے گا۔ عام تعریف بے فائدہ ہے۔ دکھ اور موت اس کا انتظار کر رہے ہیں۔ انبیاء نے یہ بات لکھ دی تھی کیونکہ وہ غلط نہیں تھے۔ سب کچھ پورا ہوگا۔ ادھورے اور گنہگار انسانوں کی نجات کا راستہ یہی ہے۔

........................................

........................................

........................................

........................................

........................................

........................................


........................................

........................................

........................................

........................................

| اتوار | سالِ اوّل عام ایام کا چھبیسواں اتوار | 27۔ستمبر |
|---|---|---|




| مقدس ونسنٹ ڈی پال، کاہن | رنگ سبز |
|---|---|
| حزقیال 18:25۔28 | زبور 24 |
| فیلپیوں 2:1۔11 | متی 21:28۔32 |

**مرکزی آیت: ''بیٹا! آج تاکستان میں جا کر کام کر۔'' متی 21:28**

یہ تمثیل ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہے کہ عمل قول سے بہتر ہے۔ دو بیٹے یہودی اور غیر قوم کی علامت ہیں۔ پہلا بیٹا صرف باتیں کرتا ہے، لیکن عمل نہیں کرتا۔ دوسر بیٹا غیر قوم سے ہے، جو کوئی وعدہ نہیں کرتا، مگر پھر بھی باپ کی مرضی بجالاتا ہے۔اسی طرح جیسے نیک سامری یسوع کو قبول کرتا ہے حالانکہ وہ آدمیوں کے ہاتھوں ستایا گیا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



**مقدس وینسلاس، مقدس لارنس روئز اور ساتھی شہید**

**رنگ سبز یا سفید**

**ایوب 1:6۔22**

**زبور 16**

**لوقا 9:46۔50**

## مرکزی آیت: ''خداوند کا نام مبارک ہو۔'' ایوب 1:21

مبارک باد کا یہ اظہار ایوب کا وہ ردعمل ہے جو اس نے اپنے ساتھ پیش آنے والے بُرے حالات پر کیا۔ شیطان نے اس کے خلاف ہر وہ کام کیا کہ جس سے ایوب اپنے خادموں، مویشیوں اور بچوں سے محروم ہو گیا۔ وہ غربت میں گرا اور زخموں سے لاچار ہو گیا۔ وہ توبہ کرتا ہے اور پکار اٹھتا ہے: ''خدا نے دیا، خدا نے لیا،، اسی کا نام مبارک ہو!'' یہ ردعمل مقدسین کے لئے ایک درس گاہ ہے۔ یہ ہم سب کے لئے بھی درس گاہ ہے۔

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

| 29۔ستمبر | سال دوئم عام ایام | منگل |
| --- | --- | --- |



## مقرب فرشتگان میکائیل، جبرائیل اور رافائیل

رنگ سفید

دانیال 7:9۔10، 13۔14 یا مکاشفہ 12:7۔12

زبور 137

یوحنا 1:47۔51

## مرکزی آیت: ''تم آسمان کو کھلا دیکھو گے۔'' یوحنا 1:51

کھلے آسمان کو دیکھنا سورج کو دیکھنے سے زیادہ مشکل ہے۔ یہ خدا کی موجودگی کو دیکھنا ہے، جواب چھپی ہوئی نہیں ہے۔ ہم اس پر اتنا زیادہ یقین کرنے لگتے ہیں جیسے ہم نے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو۔ وہ ہمارے اندر عمل کرنے کے قابل ہوگا، اور ہم بغیر رکاوٹ کے اس سے لطف اندوز ہوں گے۔ یہ تب ہوگا، جب ہم یسوع کو اپنا خدا اور خداوند تسلیم کریں گے۔ رئیس الملائکہ بھی اس میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

| 30۔ستمبر | سال دوئم عام ایام | بدھ |
|---|---|---|



**مقدس جیروم، کلیسیائی معلم** | **رنگ سفید**

**ایوب 9:1۔12، 14۔16** | **زبور 87**

**لوقا 9:57۔62**

**مرکزی آیت: ''تو جا اور خدا کی بادشاہی کی منادی کر۔'' لوقا 9:60**

یسوع یہ بات اس شاگرد کے لئے کہتے ہیں جو صرف اپنے باپ کے مرنے کے بعد اس کی پیروی کرنا چاہتا تھا۔ لیکن اس کا باپ بھی خدا کی بادشاہی کا انتظار کر رہا ہے، اور اس کے بغیر اس کی زندگی مکمل نہیں ہوگی۔ اگر کوئی چیز فوری اور توجہ کی مستحق ہے، تو وہ موت نہیں بلکہ زندگی ہے۔ وہ بھی مکمل، ابدی زندگی جس کی منادی بغیر کسی تاخیر کے ہونی چاہئے۔